سوال

(433) عقد ایجاب وقبول کرنے والے کے سامنے اس کی بیوی کا اپنے بال اور اس کی ماں کا اپنا چہرہ ظاہر کرنے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اس عقد ایجاب وقبول کرنے والے کے متعلق دین کی کیا رائے ہے، کیا اس کی بیوی اس کے سامنے زیب وزینت ظاہر کر سکتی ہے؟ کیا اس کی ماں اسکے سامنے اپنا چہرہ ظاہر کر سکتی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ جائز ہے۔ اس کی ماں کا اس کے خاوند کے سامنے اپنا چہرہ ظاہر کرنا جائز ہے اگر وہ سمجھتی ہے کہ نقاب واجب ہے کیونکہ بیٹیوں سے نکاح کرنا ان کے ماؤں کو ہمیشہ کے لیے حرام کر دیتا ہے جبکہ ماؤں سے جماع کرنا ان کے بیٹوں کو حرام کرتا ہے، لیکن بعض علماء اس میں استثنا کرتے ہیں مگر یہ عام اہل علم کا مذہب ہے۔ رہا اس کا پہلا حصہ تو اس پر اجماع ہے کہ بیٹیوں سے عقد نکاح کرنے سے ہی ان کی مائیں حرام ہو جاتی ہیں۔ (محمد بن عبد المقصود)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 372

محدث فتویٰ